اردو

SDF–U–URD

پرچہ—I

(ادب)

کل مارکس : 250

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو ، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین (3) کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم سے کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو۔ اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔

اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

URDU

PAPER—I

(LITERATURE)

Time Allowed : Three Hours

Maximum Marks : 250

QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

Please read each of the following instructions carefully before attempting questions

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

SECTION—A

1۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر جواب تقریباً ایک سو پچاس (*150*) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے : 10×5=50

(*a*) اردو زبان کے آغاز و ارتقا پر مختصراً ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

(*b*) وسطی ہند آریائی زبانوں سے کیا مراد ہے؟ چند اہم زبانوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(*c*) زبان اور تہذیب کا کیا تعلق ہے؟ لکھنوی اور دہلوی زبان کو سامنے رکھ کر اپنے تاثرات پیش کیجیے۔

(*d*) دکنی اور پنجابی کے بنیادی اختلافات کی نشاندہی کیجیے۔

(*e*) قدیم ہند آریائی دور پر ایک نوٹ لکھیے۔

2۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(*a*) '' اردو ایک زبان ہی نہیں ایک تہذیب کا نام ہے''۔ اس قول کی وضاحت کیجیے۔ 20

(*b*) '' اردو برج بھاشا سے نکلی ہے''۔ اس خیال سے آپ کہاں تک اتفاق کرتے ہیں؟ مدلل لکھیے۔ 15

(*c*) اردو زبان کی ابتدا سے متعلق شوکت سبزواری کے نظریات کا احاطہ کیجیے۔ 15

3۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(*a*) اپ بھرنش اور اس کی مختلف شاخوں پر روشنی ڈالیے۔ 20

(*b*) دکنی شاعری میں ہندوستانی عناصر کی نشاندہی کیجیے۔ 15

(*c*) '' قطب شاہی دور میں اردو زبان کا فروغ '' پر ایک مضمون لکھیے۔ 15

4. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ابتداً شمال کے مقابلے میں دکن میں اردو کے فروغ کے کیا اسباب تھے؟ تفصیلی جواب لکھیے۔ 20

(b) اردو رسم خط کی اہمیت پر ایک مدلل جواب تحریر کیجیے۔ 15

(c) کھڑی بولی اور برج بھاشا کے امتیازات بیان کیجیے۔ 15

SECTION—B

5. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر جواب تقریباً ایک سو پچاس (*150*) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے : 10×5=50

(a) میر تقی میر کی شاعرانہ خصوصیات پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(b) صنف قصیدہ کی خوبیوں اور خامیوں پر اظہار خیال کیجیے۔

(c) پنڈت دیا شنکر نسیم کی مثنوی نگاری پر روشنی ڈالیے۔

(d) اردو میں ڈراما نگاری کے ارتقا کا خاکہ پیش کیجیے۔

(e) اردو ادب میں خط نویسی کا رواج کب شروع ہوا اور وہ ادب کا حصہ کس طرح بنا؟ بحث کیجیے۔

6. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) لکھنؤ کے دبستان شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔ 20

(b) سرسید تحریک کی بدولت اردو ادب میں کیا اضافے ہوئے تفصیل سے لکھیے۔ 15

(c) جدید اردو افسانہ پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 15

7. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) تنقید کا مفہوم واضح کیجیے اور اس کے مقاصد پر روشنی ڈالیے۔ 20

(b) '' آب حیات نے تذکرے اور تنقید کے درمیان کی راہ ہموار کی''۔ اس قول کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 15

(c) آل احمد سرور کی تنقید نگاری پر جامع مضمون لکھیے۔ 15

8. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) اس سائنسی دور میں خیالی داستانوں کی کیا اہمیت ہے؟ 20

(b) اقبال کی نظم نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 15

(c) ہندوستان کی جنگ آزادی میں اردو ادب کے کردار پر ایک مضمون لکھیے۔ 15

★★★